© rasailojaraid.com



ان کی خدمات کو بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ بہر حال طب سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے یہ ایک نادر تحفہ ہے۔

۳۔ صحابہ کبارؓ حضرت علیؓ کی نظر میں — جناب منشی عبدالرحمٰن خاں صاحب

| | |
|---|---|
| صفحات | ۱۱۶ |
| قیمت | ۵ روپے |
| پتہ | جاوید اکیڈمی چہلیک ملتان۔ |

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین امت مسلمہ کا وہ ایک مثالی معاشرہ ہے۔ جو قرآن اور اسوۂ حسنہ کا پہلا امین اور وارث اور دین مبین کا ناقل اور راوی ہے اور مجموعی لحاظ سے اس طائفہ حقہ کے شب و روز پر قرآن اور رسولؐ نے اعتماد کیا ہے اور ان کو سراہا ہے۔ اس کے باوجود اگر کوئی فرد یا جماعت ان کے سلسلے میں غیر محتاط روش اختیار کرتی ہے تو ظاہر ہے کہ اس کے بعد اسلام اور اسلامی حقائق کی بات ایک مجذوب کی بڑ ہو کر رہ جائے گی۔ جب اس ذریعہ سے اعتماد اٹھ گیا تو پھر یہ کہنا کہ قرآن یا رسولؐ برحق ہیں۔ آخر کس منہ سے کہیں گے؟ کیونکہ قرآن اور رسولؐ کے تعارف کا ذریعہ بھی صحابہ کرامؓ ہی ہیں۔

بھئی! ان میں باہم رنجشیں ہوئیں، لیکن ہم ان کے جواب دہ ہیں نہ ان کے سلسلے میں ہمیں فیصلہ کرنے کی تکلیف دی گئی ہے اور جو ہوئیں وہ بھی جاتی رہیں اور جتنی ہوئیں، دین کے سلسلے میں نہیں، نجی حیثیت میں ہوئیں اور بعض غلط فہمیوں کی بنا پر ہوئیں۔ ہم اگر اس میں فریق بننے کی کوشش کریں گے تو غلطی کریں گے۔ کیونکہ ان کی بنیاد پر ہمارا کوئی بھی مسئلہ اٹکا ہوا نہیں ہے۔ اس لئے حضورؐ کا ارشاد ہے کہ میرے صحابہ کے بارے میں محتاط رہنا چاہئیے۔ ان میں پڑ کر اپنی آخرت کو داغدار کرنا دانشمندی نہیں۔ ورنہ دین کے سلسلے میں امان اٹھ جائے گی۔

مندرجہ بالا کتاب میں تقریباً تقریباً اسی بات کو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ذات گرامی ایسی مبارک ہستی ہے جو سب کی آنکھوں کا تارا ہے۔ "آنکھیں میری باقی ان کا" کا سماں جہاں طاری ہو جاتا ہے۔ وہاں تسلیم و رضا کے بغیر چارہ نہیں رہتا۔ مؤلف موصوف کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے۔ انہوں نے ایک نادر طریقے کے ساتھ ایک بڑی بات کو سلجھانے کی کوشش کی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی کوشش کو قبول فرمائے۔

(۴) ابسال المطر علی قصب السکر — امام محمد اسماعیل الیمانی

| | |
|---|---|
| صفحات | ۱۸۶ |
| قیمت | ۱۲/- روپے |

© rasailojaraid.com